# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 08 February-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۸؍فروری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ریاست کی ندیوں کو جوڑنے کے منصوبوں کی خاطر مالی وسائل کی فراہمی کیلئے مالیاتی اداروں کا مثبت رویہ۔

☆ ووٹرس کی اضافی تعداد کے معاملے میں مہاوِکاس آگھاڑی کا انتخابی کمیشن سے جانچ کا مطالبہ۔

☆ مرکزی بینک RBI کی جانب سے کلیدی سود کی شرح میں 25 Basis Points کی کمی۔

☆ ریاستی حکومت کے ادبی ایوارڈس کا اعلان۔ سینئر ادیب را-ر-بوراڑے کو وِندا کرندیکر لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ' جبکہ مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کو منگیش پاڑگاؤنکر زبان دانی تحفظ ایوارڈ ظاہر

☆ اجنتا اربن کوآپریٹیو بینک بدعنوانی معاملے میں بینک کے چیئرمین اور سابق رُکنِ کاؤنسل سبھاش جھامبڑ کو 12 دِنوں کی پولس تحویل۔

اور۔۔۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مختلف مالیاتی اداروں نے ریاست میں ندیوں کو جوڑنے کے منصوبوں کی خاطر مالی وسائل کی فراہمی کیلئے مثبت رویّے کا اظہار کیا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل اس سلسلے میں ایشین انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ' کورین ایکزم اور AFD بینک کے ساتھ میٹنگ کی۔ میٹنگ میں مراٹھواڑہ واٹر گریڈ اسکیم' نار پار آبپاشی منصوبہ' دمن گنگا-ایکدارے-گوداوری پروجیکٹ اور سمردّھی شاہراہ پر معیاری ٹرانسپورٹیشن سسٹم کیلئے مالی اعانت پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ وزیرِ اعلیٰ پھڑنویس نے یہ بھی بتایا کہ تاپی ریچارج اسکیم کے تعلق سے مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ کے ساتھ ان کی میٹنگ ہوئی ہے اور انھوں نے بھی اس پر اپنا مثبت خیال ظاہر کیا ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ ملک کا سب سے بڑا صنعتی ایکو سسٹم ودربھ کے گڈچرولی کو محور مان کر بنایا جا رہا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ کل ناگپور میں ایڈوانٹیج وِدربھ 2025 نامی صنعتی میلے میں بول رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ گڈچرولی میں ہونے والی انقلابی ترقی کا فائدہ قریبی اضلاع کو بھی ہوگا۔ پھڑنویس نے بتایا کہ وردھن لیتھیم کے 42 ہزار کروڑ روپئے کے معاہدے کے سبب وِدربھ میں ایک شاندار ایکو سسٹم تیار کیا جا رہا ہے۔

***** ***** *****

مہاوِکاس آگھاڑی نے الیکشن کمیشن سے گذشتہ اسمبلی انتخابات کے دوران ووٹرس کی تعداد میں اضافے کے معاملے کی جانچ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ لوک سبھا میں حزبِ اختلاف کے رہنماء راہل گاندھی' راشٹروادی کانگریس شرد پوار گروپ کی رُکنِ پارلیمان سپریہ سُلے اور شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے رُکنِ پارلیمان سنجئے راؤت نے کل نئی دلّی میں ایک مشترکہ صحافتی کانفرنس کا انعقاد کیا اور یہ مطالبہ کیا۔ راہل گاندھی نے سوال اٹھایا کہ مہاراشٹر میں لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات کے دوران 39 لاکھ ووٹ کیسے بڑھ گئے۔ انھوں نے مانگ کی کہ انتخابی کمیشن ہمیں ان چناوی فہرستوں کی معلومات دے۔ انھوں نے کہا:

*"ہم نے الیکشن کمیشن کو پانچ بار بولا ہے کہ دیکھیے ہم آروپ نہیں لگا رہے ہیں، ہم آپ سے صرف مہاراشٹر کی ووٹر لسٹ مانگ رہے ہیں۔ لوک سبھا کی فائنل ووٹر لسٹ، نیم ایڈریس، فوٹو گراف۔ ودھان سبھا کی فائنل ووٹر لسٹ، نیم ایڈریس، فوٹو گراف۔ تینوں راج نیتک پارٹیاں، وِپکش کی پارٹیاں، مہاراشٹر کی پبلک آپ سے سوال پوچھ رہی ہیں، میں نے پارلیمنٹ میں بولا، ہمارے سب نیتاؤں نے بولا ہے، الیکشن کمیشن سے ہمیں لسٹ نہیں دے رہی۔ ان کی ذمہ داری بنتی ہے کہ جلدی سے جلدی لوک سبھا، ودھان سبھا مہاراشٹر کی لسٹ این سی پی، شیوسینا اینڈ کانگریس پارٹی کو پکڑا دے، کیونکہ ہم اس انویسٹیگیشن کو اینڈ تک لے جانا چاہتے ہیں۔"*

اسی دوران وزیرِ اعلیٰ پھڑنویس نے کہا کہ راہل گاندھی دلّی میں ملنے والی زبردست ہار کے خوف کی وجہ سے ایسے سوالات کھڑے کر رہے ہیں۔ انھوں نے راہل گاندھی کو شکست کا تجزیہ کرنے کی صلاح دی۔

اسی بیچ انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ راہل گاندھی کی جانب سے پوچھے گئے تمام سوالات کے تحریری جوابات دیئے جائیں گے۔ انتخابی کمیشن نے سوشل میڈیا پر جاری کیے گئے اپنے پیغام میں کہا کہ سیاسی جماعت اہم ہوتی ہے، اس کے سوالوں کے جواب دینا، رائے اور ہدایات سنی جانی چاہیے۔

***** ***** *****

دلّی اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کی آج شروعات ہوگئی ہے۔ صبح آٹھ بجے ڈاک کے ذریعے کی گئی رائے دہی کی گنتی سے اس عمل کا آغاز ہوگا اور دوپہر تک تمام 70 نشستوں کے چناوی نتائج سامنے آنے کا امکان ہے۔

***** ***** *****

بھارتی مرکزی بینک RBI نے ریپو ریٹ یعنی کلیدی سود کی شرح میں 25 بیسس پوائنٹس کی کمی کی ہے۔ ریپو ریٹ اب 6.25 فیصد ہوگیا ہے۔ بینک کے گورنر سنجئے ملہوترا نے کل ممبئی میں دو ماہی مانیٹرنگ پالیسی کا اعلان کیا۔ RBI نے غیر مستحکم عالمی صورتحال کا حوالہ دیتے ہوئے کل اپنی اقتصادی ترقی کی پیش گوئی میں کمی کی۔ رواں مالی برس میں ملک کی GDP کی شرح 6.4 فیصد تک رہنے کی توقع ہے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے مختلف ادبی انعامات کا کل اعلان کیا گیا۔ اس برس کے وِندا کرندیکر لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ کیلئے چھترپتی سمبھاجی نگر کے سینئر ادیب راؤ صاحب رنگ راؤ عرف را۔ ر۔ بوراڑے کے نام کا اعلان کیا گیا ہے۔ شری پو بھاگوت ایوارڈ پونے کی جیوتسنا پرکاشن کو، جبکہ ڈاکٹر اشوک کیلکر لینگویج اسکالر ایوارڈ ڈاکٹر رمیش سوریہ ونشی کو دیا جائے گا۔ اسی طرح منگیش پاڈگاؤنکر زبان دانی تحفظ انعام کیلئے بھیما بائی جوندھڑے کا نام ظاہر کیا گیا ہے۔ مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کو بھی زبان کی حفاظت کی خاطر منگیش پاڑگاؤنکر زبان دانی تحفظ ایوارڈ دیا جائے گا۔ انعامات سے نوازے جانے والی دیگر شخصیات میں ریکھا بیجل کو سانے گروجی ایوارڈ ظاہر کیا گیا ہے، جبکہ لوک شاہیر انا بھاؤ ساٹھے ایوارڈ کیلئے سنیتا ساور کر کے نام کا اعلان کیا گیا ہے۔ یہ انعامات آئندہ 27 تاریخ کو ممبئی میں تقسیم کیے جائیں گے۔ اس سلسلے میں موصولہ خبروں میں بتایا گیا ہے کہ ناسک ضلع کے شاعر کسما گرج کے گاؤں شرواڑ کو "شاعری کا گاؤں" اور رتنا گری ضلع کے شاعر کے گاؤں مالگنڈ کو "کتابوں کا گاؤں" قرار دیا جائے گا۔

***** ***** *****

ماحولیات، موسمیاتی تبدیلی اور حیوانات کی وزیر پنکجا منڈے نے کہا ہے کہ اینٹوں کی بھٹیوں کیلئے استعمال ہونے والی راکھ کی کھلی ہائیواٹرکوں میں غیر قانونی نقل و حمل آلودگی میں اضافہ کر رہی ہے۔ وزیرِ موصوفہ نے ہدایت دی کہ متعلقہ افسران اس بات کو یقینی بنائیں کہ راکھ کی مال برداری بند ہائیواٹرکوں کے ذریعے کی جائے اور اس کی رپورٹ دی جائے۔ منڈے کل بیڑ میں اس تعلق سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہی تھیں۔ انھوں نے ہدایت دی کہ راکھ کے غیر قانونی ذخیروں کو سیل کیا جائے۔ انھوں نے راکھ کو مرکزی سڑکوں کی بجائے بیرونی راستوں سے حمل و نقل کرنے کی بھی ہدایت دی۔

***** ***** *****

کانگریس کے سابق رکنِ کاؤنسل سبھاش جھامبڑ کو چھترپتی سمبھاجی نگر کی اجنتا کوآپریٹیو بینک میں ہوئے 97 کروڑ 41 لاکھ روپئے کی بدعنوانی معاملے میں عدالت نے انھیں 12 فروری تک پولس تحویل میں رکھنے کا حکم دیا ہے۔ جھامبڑ نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں کرائم برانچ پولس کے سامنے خودسپردگی کی، جس کے بعد انھیں عدالت میں پیش کیا گیا۔ وہ ایک برس سے زائد عرصے سے فرار تھے۔

***** ***** *****

پربھنی کے سرکاری میڈیکل کالج کو کل پہلی بار انسانی جسم کا عطیہ دیا گیا۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ ضلع بھر میں جسم کے عطیے کے حوالے سے بیداری مہم چلائی جارہی ہے۔

***** ***** *****

رکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے کہا ہے کہ دھاراشیو ضلع کے کوڈ گاؤں صنعتی علاقے میں واقع ٹیکنیکل ٹیکسٹائل پارک میں صنعتیں قائم کرنے میں دلچسپی رکھنے والے افراد کو ریاستی حکومت کی خصوصی پالیسیوں سے بہت فائدہ ہوگا۔ پاٹل کل دھاراشیو میں خطاب کررہے تھے۔

***** ***** *****

ضلع سپلائی افسر چودھری نے جالنہ ضلع کے راشن کارڈ حاملین سے اپیل کی ہے کہ وہ سستے اناج سے فائدہ اٹھانے کی خاطر ای KYC اور موبائل سیڈنگ کروائیں۔ ضلع میں پانچ لاکھ 65 ہزار راشن کارڈ حاملین کی ای KYC زیرِ التواء ہے۔ چودھری نے بتایا کہ اس کیلئے گاؤں میں کیمپ لگائے جارہے ہیں۔ انھوں نے متعلقہ شہریان سے اس کیمپ کا فائدہ اٹھانے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کے تحت بارہویں جماعت کے امتحانات 11 فروری سے شروع ہورہے ہیں۔ اس برس چھترپتی سمبھاجی نگر ڈویژن کے پربھنی، ہنگولی، بیڑ، چھترپتی سمبھاجی نگر اور جالنہ اضلاع کے ایک لاکھ 85 ہزار 300 طلباء بارہویں امتحانات میں شرکت کریں گے۔ اس کیلئے بورڈ نے 460 امتحانی مراکز قائم کیے ہیں۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع میں Elephantisis یعنی ہاتھی کی بیماری کے خاتمے کیلئے علاج کی مہم 10 فروری سے شروع کی جائے گی۔ ضلع صحت افسر ڈاکٹر سنگیتا دیشمکھ نے یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ ضلع کے 10 تعلقہ جات میں اس مہم کو چلانے کی خاطر منصوبہ بندی کی گئی ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ریاست کی ندیوں کو جوڑنے کے منصوبوں کی خاطر مالی وسائل کی فراہمی کیلئے مالیاتی اداروں کا مثبت رویہ۔

☆ ووٹرس کی اضافی تعداد کے معاملے میں مہاوِکاس آگھاڑی کا انتخابی کمیشن سے جانچ کا مطالبہ۔

☆ مرکزی بینک RBI کی جانب سے کلیدی سود کی شرح میں 25 Basis Points کی کمی۔

☆ ریاستی حکومت کے ادبی ایوارڈس کا اعلان۔ سینئر ادیب را۔ ر۔ بوراڑے کو وِندا کرندیکر لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ، جبکہ مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کو منگیش پاڑگاؤنکر زبان دانی تحفظ ایوارڈ ظاہر

اور۔۔۔☆ اجنتا اربن کوآپریٹیو بینک بدعنوانی معاملے میں بینک کے چیئرمین اور سابق رُکنِ کاؤنسل سبھاش جھامبڑ کو 12 دِنوں کی پولس تحویل۔

***** ***** *****